© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

(ادارہ)

☆......پاک وہند کے مسندِ درس وتدریس اور میدانِ سیاست وقیادت کے شہسوار، عرب وعجم کے مایۂ فخر ومباہات شیخ العرب والعجم ''حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ'' کے فرزندِ ارجمند، فضل وکمال کے پیکر بلند نشین ''حضرت مولانا سید اسعد مدنی رحمہ اللہ'' بھی ۸۰ سال کی عمر میں ۷/محرم الحرام/۱۴۲۷ھ، بمطابق 6 فروری 2006ء بروز پیر شام چھ بجے مسافرانِ آخرت کے کاروان میں شامل ہوکر داغِ مفارقت دے گئے۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا سید اسعد مدنی رحمہ اللہ اپنے والد گرامی کے جانشین اور ان کے علمی فیوض اور خصوصیات وامتیازات کے وارث باکمال تھے، جمعیت علماء ہند کے امیر اور بیک وقت مسلمانانِ ہند کے بالخصوص اور عالم اسلام کے بالعموم سیاسی ومذہبی رہنما تھے انہوں نے عالم اسلام اور مسلمانانِ ہند کے لئے لازوال خدمات سرانجام دی ہیں، وہ ہندوستان کے مسلمانوں کے اتحاد واتفاق اور باہمی رواداری کے لئے زندگی بھر جدوجہد کرتے رہے۔ یقیناً حضرت مدنی رحمہ اللہ کا سانحۂ ارتحال ایک عظیم المیہ اور مسلمانانِ عالم کے لئے ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو فردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل سے نوازے اور حضرت مدنی مرحوم کے خلاء کو ان کے بہترین جانشین سے پُر کرے۔ آمین۔

☆......زبان وبیان اور قلم وقرطاس کے ماہر، ماہنامہ الرشید ساہیوال کے مدیر مسؤل ''جناب حضرت مولانا حافظ عبدالرشید ارشد صاحب'' بھی گزشتہ ماہ راہی دارالبقاء ہوگئے۔ ۱۹۳۲ء کو اس دنیائے آب وگل میں قدم رکھنے والے مولانا عبدالرشید صاحب فروری ۲۰۰۶ء کو کوچ کر گئے۔

انہوں نے گوشۂ عزلت میں رہ کر ہمیشہ دینِ اسلام کی خدمت کی اور اسلام کے شجرِ ثمر بار اور مسلک علماء دین کے گلشن کی ہمیشہ اپنے قلم وبیان سے آبیاری کی۔ حضرت حافظ صاحب نے جہاں دینِ اسلام کے دعوتی کاموں میں حصہ لیا وہاں انہوں نے دارالعلوم دیوبند اور اکابرینِ دیوبند کے فیوض کو چار دانگ عالم میں پھیلایا جس کی واضح مثال ''ماہنامہ الرشید'' کے دارالعلوم دیوبند نمبر، تاریخ دیوبند نمبر، فیضان دیوبند نمبر، مدنی واقبال نمبر وغیرہ ہیں جب کہ ''بیس بڑے مسلمان'' اور ''بیس مردانِ حق'' کے نام سے اکابر کے کارناموں اور ان کے مزاج ومذاق کو بہترین اسلوب میں ذکر کرکے خدمت کا حق ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو غریقِ رحمت بنا کر اُن کا نعم البدل عطاء فرمائے۔

☆......حضرت مولانا ابن الحسن عباسی صاحب، مدیر ماہنامہ ''وفاق المدارس'' کے خسرِ محترم ''جناب مولانا نقیب احمد عباسی صاحب'' بروز پیر بوقت پانچ بجے صبح، حرکتِ قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔

موصوف مرحوم انتہائی نیک سیرت، بااخلاق اور تہجد گزار انسان تھے۔

ادارہ ماہنامہ کے تمام کارکنان مرحومین حضرات کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ مرحومین کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل سے نوازے۔ اور دیگر تمام قارئینِ کرام سے دعائے مغفرت کی استدعا ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com